نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ سورج مکھی کی بہتر پیداوار کے لیے آبپاشی کا شیڈول جاری کر دیا

لاہور 26 جنوری 2025 ( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سورج مکھی کی بہاریہ فصل کے کاشتکار بروقت اور مناسب آبپاشی کو یقینی بنائیں تاکہ فصل کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اور تیل کے معیار میں بہتری ممکن ہو سکے۔سورج مکھی کی فصل کے لیے آبپاشی کے اہم مراحل کے موقع پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے، جن میں بیجوں کے اگاؤ، پھول نکلنے اور بیج بننے کے مرحلے شامل ہیں۔ان اہم مراحل میں پانی کی کمی فصل کی پیداوار پر منفی اثر ڈال سکتی ہے اور معیار کو متاثر کر سکتی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ بہاریہ سورج مکھی کو پہلی آبپاشی روئیدگی مکمل ہونے کے فوراً بعد کرنی چاہیے تاکہ بیج کا اگاؤ بہتر ہو۔دوسری آبپاشی پہلی کے 20 سے 25 دن کے بعد کی جاتی ہے تاکہ پودوں کی ابتدائی نشوونما بہتر ہو سکے۔علاوہ ازیں، پھول نکلنے کے دوران بہاریہ سورج مکھی کی فصل کو آبپاشی نہایت اہم ہے کیونکہ یہ فصل کے پیداوار کے لیے فیصلہ کن مرحلہ ہوتا ہے۔اسی طرح بیج بننے کے دوران مناسب مقدار میں پانی فراہم کرنے سے نہ صرف بیج کا وزن بڑھتا ہے بلکہ تیل کا معیار بھی بہتر ہوتا ہے۔

☆☆☆☆